خود کشی کے متعلق فتوی

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

سوال: کیا اسلام میں خود کشی جائز ہے۔ میں نے سنا ہے کہ جو خود کشی کرتا ہے وہ ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا کیا یہ درست ہے؟

سائل سید احمد یوکے

الجواب بعون الملک الوھاب

خود کشی یعنی خود اپنے ہاتھ سے اپنے کو مار ڈالنا حرام اور گناہ کبیرہ ہے اور فقہاء کا مسئلہ ھذا کی حرمت پر اتفاق ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ایسے شخص پر جنت حرام فرمادی ہے۔اس کو جہنم میں اسی چیز سے عذاب دیا جائے گا جس سے اس نے خود کشی کی ہو گی ۔ جیسا کہ حدیث میں ارشاد ہوا۔

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے فرمایا۔**وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ**۔جو شخص اپنی ذات کو کسی چیز سے قتل کر دے تو اللہ تعالیٰ اس کو جہنم میں اسی چیز سے عذاب دے گا۔ **(صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب بیان غلظ تحریم قتل الانسان...الخ، الحدیث: ۳۱۶، ص ۶۹)**

اور **حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ہے کہ** شہنشاہِ خوش خِصال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

« **مَنَ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ فَحَدِيدَتُهُ فِي يَدِهِ يَتَوَجَّأُ بِهَا فِي بَطْنِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا أَبَدًا وَمَنْ شَرِبَ سَمًّا فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ يَتَحَسَّاهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا أَبَدًا وَمَنْ تَرَدَّى مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ يَتَرَدَّى فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا أَبَدًا** ۔جس نے لوہے کے ہتھیار سے خود کُشی کی تو دوزخ کی آگ میں وہ ہتھیار اس کے ہاتھ میں ہوگا اور وہ اس سے اپنے آپ کو ہمیشہ زخمی کرتا رہے گا۔اور جو شخص زہر کھا کر خود کُشی کریگا وہ نارِ دوزخ میں ہمیشہ زہر کھاتا رہے گا اور جو پہاڑ سے گر کر خود کشی کریگا وہ نارِ دوزخ میں ہمیشہ گرِتا رہے گا۔

{صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب بیان غلظ تحریم قتل الانسان...الخ، الحدیث: ۳۱۳}

خود کشی کرنے والا مسلمان خود کشی کرنے سے کافر نہیں ہوتا۔اس لیے یہ اپنی سزا کاٹ کر جنت میں ضرور جائے گا۔لہٰذا حدیث مبارکہ میں جو خود کشی کرنے والے کے لیے ہمیشہ ہمیشہ عذاب میں مبتلا ہونے کے بارے میں آیا اس سے مراد طویل مدت تک جہنم میں رہنا ہے یا یہ فرمان ایسے شخص کے بارے میں ہے جو خود کشی کو حلال جان کر خود کشی کرے کیونکہ تحلیل حرام کفر ہے اور کافر کے لیے ہمیشہ ہمیشہ جہنم ہے۔

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ محمد قاسم ضیاء القادری